This question paper contains 8 printed pages]

Your Roll No.......................

5071

B.Com./I E

Paper V—URDU 'B'

Time : 3 Hours *Maximum Marks : 75*

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

Note :—The maximum marks printed on the question paper are applicable for the students of the regular colleges (Cat. A). These marks will, however, be scaled up proportionately in respect of the students of SOL/NCWEB at the time of posting of awards for compilation of result.

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے ایک کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے: ۲۰

(الف)

سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں

یاد تھیں ہم کو بھی رنگارنگ بزم آرائیاں
لیکن اب نقش و نگارِ طاقِ نسیاں ہوگئیں

جوئے خوں آنکھوں سے بہنے دو کہ ہے شامِ فراق
میں یہ سمجھوں گا کہ شمعیں دو فروزاں ہوگئیں

نینداس کی ہے دماغ اس کا ہے راتیں اس کی ہیں
تیری زلفیں جس کے بازو پہ پریشاں ہوگئیں

رنج سے خوگر ہوا انساں تو مٹ جاتا ہے رنج
مشکلیں مجھ پر پڑیں اتنی کہ آساں ہوگئیں

(ب)

ہر اک میکدے سے بھرا جا کے ساغر
ہر اک گھاٹ سے آئے سیراب ہوکر
گر مثلِ پروانہ ہر روشنی پر
گرہ میں لیا باندھ حکم پیمبر
کہ "حکمت کو اک گم شدہ لعل سمجھو
جہاں پاؤ اپنا مال سمجھو"

ہراک علم کے، فن کے جویا ہوئے وہ

ہراک کام میں سب سے بالا ہوئے وہ

فلاحت میں بے مثل و یکتا ہوئے وہ

سیاحت میں مشہورِ دنیا ہوئے وہ

ہراک ملک میں ان کی پھیلی امارت

ہراک قوم نے ان سے سیکھی تجارت

ذیل کے اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے: ۲۰

(الف)

مہارانی: ابھی بچہ ہی تو ہے۔

اکبر: (فہمائش آمیز متانت سے) ہماری محبت دیوانی نہیں کہ اس کا سن وسال بھول جائے اور ہم چاہتے ہیں کہ تم بھی اسے

یقین دلاؤ کہ فی الحال وہ ایک بے پروا نوجوان کے سوا اور کچھ نہیں۔

مہارانی: مگر وہ اپنے ہم عمروں سے کچھ بہت مختلف تو نہیں ہے۔

اکبر: (کسی قدر برافروختہ ہوکر) یہ تم مجھ سے کہہ رہی ہو، اکبر سے؟ جو اس عمر سے ایک سلطنت کا بوجھ اپنے کم سن کندھوں پر اٹھا چکا تھا۔ جس نے دنیا کی بے باک نظروں کو جھکنا سکھا دیا تھا۔ جو اس عمر میں مفتوح ہند کو متحد کرنے کے دشوار مسائل میں منہمک تھا۔ ہاں جو اس عمر میں خواب تک دیکھتا تھا (اٹھ کھڑا ہوتا ہے) تم ماں ہو۔ صرف ماں۔

(ب)

مرزا نے اوّل شاہراہ کا رخ چھوڑ کر دوسرے رخ چلنا اختیار کیا اور جب راہ کی مشکلات نے مجبور کیا تو ان کو بھی آخر اسی

رخ پر چلنا پڑا۔ مگر جس لیک پر قافلہ جا رہا تھا اس کے سوا ایک اور لیک اس کے متوازی اپنے لئے نکالی اور جس چال پر اور لوگ چل رہے تھے، اس چال کو چھوڑ کر دوسری چال اختیار کی۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب میر و سودا اور ان کے مقلدین کے کلام میں ایک ہی قسم کے خیالات اور مضامین دیکھتے دیکھتے جی اکتا جاتا ہے اور اس کے بعد مرزا کے دیوان پر نظر ڈالتے ہیں تو اس میں ہم کو ایک دوسرا عالم دکھائی دیتا ہے اور جس طرح کہ ایک خشکی کا سیاح سمندر کے سفر میں یا ایک میدان کا رہنے والا پہاڑ پر جا کر ایک نئی اور نرالی کیفیت مشاہدہ کرتا ہے، اسی طرح مرزا کے دیوان میں ایک اور ہی سماں نظر آتا ہے۔

برنس ویزا حاصل کرنے کے لئے وزارتِ خارجہ کو ایک درخواست

لکھیے۔

لیبر کمشنر کو خط لکھ کر بتائیے کہ آپ کے پڑوس کا کارخانہ کس

طرح آلودگی پھیلا رہا ہے۔

مندرجہ ذیل میں سے کوئی دس کے اردو متبادل لکھیے: ۲۰

(1) Net Rate

(2) Money

(3) Profit

(4) Normal cost

(5) Price

(6) National Capital

(7) Non-economic

(8) Partnership

(9) Pay on Demand

(10) Market cost

(11) National Income

(12) One Price Policy

(13) Purchase

(14) Planning

(15) Passbook.

۵۔ ذیل میں سے کوئی پانچ محاوروں کے معنی لکھیے اور انہیں جملوں میں استعمال کیجیے: ۵

(۱) خاک میں ملانا

(۲) دانت کھٹے کرنا

(۳) لال پیلا ہونا

(۴) عزت پر حرف آنا

(۵) خون کے گھونٹ پینا

(۶) آسمان میں تھگلی لگانا

(۷) عید کا چاند ہونا

(۸) ٹیڑھی کھیر ہونا